شئون علمیہ

جوہری اشعاع کے اثرات

امریکہ کی جوہری توانائی کے کمیشن کی ششماہی رپورٹ سے واضح ہوتا ہے کہ انسان جوہری شعاعوں سے زیادہ متاثر ہوتا ہے خصوصاً موروثی خصوصیات کی حد تک۔

رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ جوہری اشعاع (Atomic Radiation) کے اثرات جوہری پر مشاہدہ کئے گئے۔ جاپان میں ناگاساکی اور ہیروشیما پر جوہری بم پھینکے گئے تھے اس زمانے میں جو بچے وہاں پیدا ہوتے ان کے مطالعہ سے قطعی نتائج ابھی تک حاصل نہیں ہوئے ہیں۔

سابق میں یہ خیال تھا کہ جو لوگ جوہری شعاعوں کی زد میں آ چکے ہیں ان کی اولاد میں کچھ تحولات (mutations) پیدا ہو جائیں گے جن سے وہ اپنے والدین سے بعض خاص باتوں میں بہت مختلف ہوں گے۔

رپورٹ سے معلوم ہوا کہ امریکہ میں تعمیری کام میں جتنے لوگ لگے ہوتے ہیں ان میں سے ہر ۵۰ میں ایک شخص جوہری کارخانوں میں لگا ہوا ہے۔

طبی حیثیت سے یہ معلوم ہوا ہے کہ ایک خاص شکر خون کے پلازما کی جگہ استعمال کی جا سکتی ہے اگر کسی خاص حادثہ کے وقت خون کے پلازما کی کمی پڑ جائے۔

طوفانِ نوحؑ کی شہادت

حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں جو طغیانی آئی تھی اس کا ذکر انجیل میں بھی ہے اور قرآن شریف میں بھی ہے۔ بعض قوموں کی دیو مالا میں بھی ایسے طوفان کا ذکر پایا جاتا ہے۔

اب ارضیاتی (Geological) معلومات سے اس کی شہادت بہم پہنچی ہے کہ ایسی طغیانی